# 26-05-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ حکومت نے محکمہ برقی کے ملازمین کیلئے ایک کروڑ روپے پر مشتمل انشورنس کے ذریعہ ایک تاریخی سنگ میل عبور کیا ہے۔

۲۔ آئی سی ایم آر کے ڈائرکٹر جنرل راجیو بہل نے کہا ہے کہ مرکز کووڈ کی صورتحال پر نظر رکھی ہوئی ہے۔

۳۔ رابطہ کمیٹی برائے امن نے چھتیس گڑھ کی حکومت سے اپیل کی ہے کہ تلنگانہ اور آندھرا پردیش میں انکاؤنٹر میں ہلاک ہوئے ماؤنوازوں کی لاشوں کو حوالہ کیا جائے

۴۔ جنوب مغربی مانسان آج تلنگانہ کے بعض علاقوں میں داخل ہوگیا۔ توقع ہے کہ آئندہ چار دن کے دوران کہیں کہیں شدید بارش ہوگی۔

## WEATHER

جنوب مغربی مانسون آج تلنگانہ کے بعض علاقوں میں داخل ہوگیا۔ توقع ہے کہ آئندہ چار دن کے دوران ریاست میں کہیں کہیں شدید بارش ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی روزانہ کی رپورٹ میں کہا کہ اسی مدت کے دوران تلنگانہ کے تمام اضلاع میں مختلف مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش کے علاوہ تیز ہوائیں چلیں گی۔ رپورٹ کے مطابق آئندہ 6 دن کے بعد ریاست بھر میں ہلکی تا اوسط بارش ہوگی جبکہ پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران چند ایک مقامات پر بارش ہوگی۔

## INSURANCE

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ حکومت نے محکمہ برقی کے ملازمین کیلئے ایک کروڑ روپے پر مبنی حادثاتی انشورنس فراہم کرتے ہوئے ایک تاریخی سنگ میل عبور کیا ہے۔ وکرامارکہ نے آج پرجا بھون میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کیا اور محکمہ برقی کے ملازم جوگن نریش کے افرادِ خاندان کو ایک کروڑ روپے کا چک حوالہ کیا۔ نریش ڈیوٹی کے دوران فوت ہوگیا تھا۔ اس کے علاوہ اس کی بیوی کو محکمہ برقی میں ملازمت کیلئے تقرر نامہ بھی حوالہ کیا گیا۔ نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اندراماں حکومت کے تحت اس طرح کا ایک اہم فلاحی قدم اٹھانے میں مدد ملی ہے۔

## IPL

آئی پی ایل میں آج پنجاب کنگس اور ممبئ انڈینس کی ٹیموں کے درمیان جئے پور مین میچ کھیلا جائے گا جو شام ساڑھے سات بجے سے شروع ہوگا۔ اگر چہ یہ دونوں ہی ٹیمیں پلے آف مرحلہ میں داخل ہو چکی ہیں، تاہم اس میچ کی اہمیت اس لحاظ سے ہے کہ جیتنے والی ٹیم پوائنٹس ٹیبل میں پہلے دو مقامات میں جگہ بنالے گی اور اسے کالیفائر ون میچ کھیلنے کا موقع ملے گا۔

## NITI AAYOG

نیتی آیوگ نے اوسط درجہ کے تاجروں کیلئے آج نئ دہلی میں ایک پالیسی پر مبنی رپورٹ جاری کی۔ یہ رپورٹ، اوسط درجہ کے تاجروں کو ملک کی معیشت میں آگے بڑھنے کیلئے ایک جامع روڈ میاپ کی حیثیت رکھتی ہے۔ رپورٹ میں اوسط درجہ کے تاجرین کے رول کو اجاگر کیا گیا ہے اور ان کی بھرپور صلاحیتوں پر توجہ دی گئی ہے۔ رپورٹ میں مذکورہ تاجروں کو درپیش اہم چیالنجس کو اجاگر کیا گیا ہے۔

## MAOISTS

امن کی رابطہ کمیٹی نے چھتیس گڑھ حکومت سے آج اپیل کی ہے کہ ہائی کورٹ میں کئے گئے اپنے وعدہ کا احترام کرتے ہوئے فوری طور پر تلنگانہ اور آندھراپردیش میں ہلاک کئے گئے ماؤنوازوں کی نعشوں کو حوالہ کیا جائے۔ ان ماؤنوازوں کو چھتیس گڑھ کے علاقہ Abujhmarh میں 21 مئی کو ہوئے ایک انکاؤنٹر میں ہلاک کیا گیا تھا۔ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ اِس سے ماؤنوازوں کی نعشوں کو مزید نقصان سے بچانے میں مدد ملے گی اور ان کے افرادِ خاندان کو پورے احترام کے ساتھ آخری رسومات کا موقع ملے گا۔ کمیٹی نے ایک بیان میں اِس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ مذکورہ نعشوں کو ہنوز حوالہ نہیں کیا گیا ہے۔ چھتیس گڑھ کے ایڈوکیٹ جنرل نے ہفتہ کو آندھراپردیش ہائی کورٹ میں یہ یقین دلایا تھا کہ نعشوں کو پوسٹ مارٹم کے بعد متعلقہ خاندانوں کے حوالہ کردیا جائے گا تاہم اب تک اس سلسلہ میں کوئی پیشرفت نہیں ہوئی ہے۔ اس معاملہ میں تاخیر کی وجہ سے مہلوکین کے افرادِ خاندان ناراض ہیں جنہوں نے طویل سفر کرتے ہوئے نعشیں حاصل کرنے کیلئے دعویٰ کیا ہے۔ کمیٹی کے ارکان پروفیسر ہارگوپال اور پروفیسر لکشمن نے یہ بات بتائی۔

ICAR

انڈین کونسل آف اگریکلچر (آئی سی اے آر) کی جانب سے وکست کرشی سنکلپ ابھیان کے نام سے خریف کے موسم سے پہلے 15 روزہ ایک مہم چلائی جائے گی۔ یہ مہم جمعرات سے شروع ہوگی اور 15 جون تک جاری رہے گی۔اس مہم کا مقصد کسانوں میں تکنالوجی اور حکومت کی زرعی اسکیمات کے تعلق سے شعور بیدار کرنا ہے۔ڈاکٹر ایم ایل جھاٹ، سکریٹری ڈی اے آر ای اور ڈائرکٹر جنرل آئی سی اے آر نے کہا کہ مذکورہ مہم کے دوران ملک بھر کے 723 اضلاع کا احاطہ کرتے ہوئے 65 ہزار مواضعات کے زائد از 1.31 کروڑ کسانوں میں شعور بیدار کیا جائے گا۔ان میں تلنگانہ کے 2170 مواضعات بھی شامل ہیں۔

MAHANDU

تلگودیشم پارٹی کے تین روزہ بڑے پروگرام مہاناڈو کا کل سے آندھرا پردیش کے ضلع وائی ایس آر کڑپہ میں آغاز ہوگا۔ اِس پروگرام کے دوران کئی اہم فیصلے کئے جائیں گے۔اس بڑے ایونٹ کے کامیاب انعقاد کیلئے تمام تر انتظامات کئے جارہے ہیں جو کڑپہ ٹاؤن کے حدود میں تقریباً 145 ایکر علاقہ پر منعقد ہوگا۔تلگودیشم پارٹی کے ذرائع کے مطابق مہاناڈو میں 23 ہزار سے زائد وفود شرکت کریں گے۔ اس کے علاوہ تلگودیشم پارٹی کے کارناموں پر مشتمل ایک ڈیجیٹل تصویری نمائش بھی ہوگی۔مہاناڈو کا آغاز کل صبح ساڑھے آٹھ بجے، پارٹی کے بانی وآنجہانی وزیراعلیٰ این ٹی راماراؤ کے مجسمہ پر گلہائے عقیدت پیش کرتے ہوئے ہوگا۔

KTR:

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راماراؤ نے بھارتیہ جنتا پارٹی کو تنقید کا نشانہ بنایا اور مرکز کے پراجکٹس میں ناکامی کیلئے بی آر ایس کو ذمہ ٹھہرانے کو مسترد کردیا۔ انہوں نے کالیشورم لفٹ اریگیشن اسکیم کے معاملہ میں بیان بازی کرنے پر بی جے پی لیڈرس پر تنقید کی اور حیدرآباد میں نوتعمیر شدہ چرلہ پلی ریلوے اسٹیشن کی منہدم ہوئی چھت کا حوالہ دیا۔اس کے علاوہ انہوں نے دہلی ایرپورٹ میں بھی چھت منہدم ہونے کا تذکرہ کیا۔ کے ٹی آر نے یاد دلایا کہ دہلی ایرپورٹ کی چھت گزشتہ برس گر پڑی تھی جب کہ دوبارہ تعمیر کے بعد پھر چھت دوبارہ گر پڑی۔

PM - 11 YEARS

وزیراعظم نریندر مودی نے آج اس عہدہ پر 11 سال مکمل کر لئے ہیں۔ سال 2014ء میں اسی دن انہوں نے وزیراعظم کے طور پر حلف لیا تھا۔ اس طرح ملک کی عصری سیاسی تاریخ کا ایک موڑ شروع ہوا اور ملک میں اتحادی سیاست کے 30 سالہ دور کا خاتمہ ہوا جیسا کہ عوام نے بی جے پی کے حق میں واضح فیصلہ دیا تھا۔ مودی نے ترقیاتی کام پر توجہ دی، ڈیجیٹل پر نظر رکھنے کے علاوہ غریبوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں مدد کی۔ اس بنا پر وہ ملک بھر میں مقبول عام لیڈر بن گئے۔

SSETHAKKA

پنچایت راج کی ریاستی وزیر اناسویا عرف سیتا اکا نے آج سکریٹریٹ میں ٹریفک اسسٹنٹ کے طور پر مقرر کردہ 44 مخنث عہدیداروں کی میٹنگ میں شرکت کی۔ انہوں نے اس موقع پر اعلان کیا کہ مخنث طبقہ کو اندراماں مکانات دینے کا اعلان کیا۔

COVID

انڈین کونسل آف میڈیکل ریسرچ کے ڈائرکٹر جنرل ڈاکٹر راجیو بہل نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت کووڈ کی صورتحال پر نظر رکھی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ کیسوں کی شدت کم ہے۔